مدیر کے نام

محمد اسلم سلیمی ، لاہور

عالمی ترجمان القرآن کے اجرا پر دلی مبارک باد قبول فرمائیں۔ نقشِ اوّل ماشاءاللہ خوب ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس پرچے کو خوب سے خوب تر بنائے، آمین۔ 'اشارات' میں امریکی جارحیت کے عنوان سے یورپ، امریکا اور دنیا بھر کے دانش وروں کے تبصروں سے عالمی نقطۂ نظر سامنے آگیا ہے اور سوچنے سمجھنے والے حضرات کے غور و فکر کے لیے قیمتی مواد فراہم ہوگیا ہے۔ پروفیسر نجم الدین اربکان مرحوم و مغفور کی حیات و خدمات کے بارے میں دردِ دل سے لکھے ہوئے تعزیتی مضمون کے مطالعے سے ثابت ہوتا ہے کہ مرحوم واقعی ایک تاریخ ساز عبقری شخصیت تھے۔ آپ نے ان کے مشن، ان کی نظریاتی سیاست اور عظیم جدوجہد، ان کی بیش بہا قربانیوں اور ان کی علمی، عملی اور تنظیمی صلاحیتوں کی خوب وضاحت کی ہے۔ ان کے سفرِ آخرت کے بارے میں آپ نے درست لکھا ہے کہ ان کی موت بھی ان کی زندگی کی طرح اسلامی احیا کی تحریک کی علامت بن گئی ہے۔

ڈاکٹر نزہت اکرام ، کراچی

'ایمان اور آخرت' (جون ۲۰۱۱ء) کے عنوان سے خرم مراد مرحوم کے خطاب کا خلاصہ ایمان و ایقان کی روشن کرنیں بکھیرنے کے مترادف ہے۔ دنیا و آخرت کا موازنہ سلیس زبان میں نہایت پُرتاثیر انداز میں کیا گیا ہے۔ مرحوم کی تقاریر و تحاریر ہمیشہ ہی فکرانگیز اور عمل کی طرف راغب کرنے والی رہی ہیں۔ انھوں نے مشرکوں کے گڑھ میں بیٹھ کر بھی تبلیغِ اسلام کی۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب کی سیاسی بصیرت جس طرح وطن کے حکمرانوں کی بے حسی، کج روی اور بے غیرتی کی نشان دہی کرتی ہے، اسی طرح اقوامِ عالم کی ملی بھگت سے طاغوتی طاقتوں کی سازشوں کو بھی بے نقاب کرتی ہے۔ صاحبانِ اقتدار کو موجودہ اور آیندہ آنے والے خطرات سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے لیے صحیح راہِ عمل تجویز کرتی ہے۔ کاش! کہ ہمیں ایسے حکمراں مل سکیں جو ان دُور رس نتائج کو مدنظر رکھیں، آمین!

دینِ اسلام اور عالمِ اسلام سے متعلق سب ہی مضامین فکرانگیز ہیں۔ عفیفہ کا قبولِ اسلام اور محض ۲۲ سال کی عمر میں ایمان و یقین کا اس قدر استحکام ولولہ خیز ہے۔ خدا ہماری بچیوں اور خواتین کو اچھی طرح دین میں راسخ العقیدہ بنائے اور عمل کرنے کی توفیق بخشے۔ 'بنت مجتبیٰ مینا کی یاد' میں زہرا نہالہ کا اپنی عظیم والدہ اور پُرجوش کارکن کے طور پر ذکر قابلِ تقلید ہے۔ 'حکمتِ مودودی' کے عنوان سے جستہ جستہ فکرانگیز عبارات و اقتباسات کا سلسلہ بہت اچھا ہے۔ 'کتاب نما' ذوقِ مطالعہ کو مہمیز دینے میں معاون ہے، اور اچھی کتابوں سے تعارف کی طلب بڑھاتا ہے۔